اداریہ

مجلّہ تحقیق کلیۂ علومِ شرقیہ کا اہم مجلّہ ہے۔اس میں مشرقی زبانوں، ادب، ثقافت اور فنون لطیفہ وغیرہ پر معیاری تحقیقی مقالات شائع ہوتے ہیں۔گیارہ مقالات پر مشتمل تیسرا شمارہ بابت جولائی۔ستمبر ۲۰۱۸ء پیش خدمت ہے۔اس میں بھی مجلّے کی تاریخی روایت کی پیروی کرتے ہوئے متنوع موضوعات کو شامل کیا گیا ہے تاکہ قارئین کو متنوع معلومات میسر آئیں۔کلیۂ علوم شرقیہ معروف محققین اور نامور اساتذہ کے ساتھ ساتھ نئے لکھنے والوں کی خاص طور پر حوصلہ افزائی کرتا ہے۔پیش نظر یہ ہے کہ نئی نسل کی تحقیق و کھوج کے حوالے سے تربیت ہو سکے۔اس لئے صلائے عام ہے یاران نکتہ دان کے لئے۔

محمد سلیم مظہر

مدیر